ترجمہ: نبی پاک نے حضرت علی سے فرمایا تھا کہ تم اور حسن اور حسین میرے ساتھ جنت میں ہوں گے اور ہماری ذریت ہمارے پیچھے پیچھے ہو گی اور ہماری ازواج ہماری ذریت کے عقب میں ہو گی اور ہمارے شیعہ ہمارے دائیں اور بائیں ہوں گے۔

نوٹ: بقول میر صاحب ازواج کا صاحب اولاد ہونا ضروری ہے۔ خیر ارباب انصاف یہ مذکورہ شان ابوبکر عمر عثمان، معاویہ کو نصیب نہیں ہوئی حدیث میں یہ رتبہ مولیٰ علی اور ان کے شیعوں کا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علماءِ اہل سنت کا اقرار کہ شیعہ بھی ایک اسلامی فرقہ ہے

۱- اہل سنت کی معتبر کتاب شرح مواقف صـ۵۲؎ ذکر فرق
۲- اہل سنت کی معتبر کتاب جامع الاصول صـ۲۲ ج۱۰ ط مصر ابن اثیر
۳- اہل سنت کی معتبر کتاب سبیل الوحدۃ صـ۱۴ ط مصر عبدالفتاح
۴- اہل سنت کی معتبر کتاب مجلۃ الفیصل العدد ۳۰ ص ۲۴ ط ۱۹۷۹
۵- اہل سنت کی معتبر کتاب دفاع عن العقیدہ والشریعہ صـ۲۶۴
۶- اہل سنت کی معتبر کتاب رسالہ الاہرام السنہ ۱۰۳ العدد ۳۳۹۳۲
۷- اہل سنت کی معتبر کتاب جریدہ الاہرام قاہرہ ۲۳ دسمبر ۱۹۷۵
۸- اہل سنت کی معتبر کتاب شیعہ اور سنی صـ۲۶
۹- اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ مذاہب اسلامیہ صـ۲۹
۱۰- اہل سنت کی معتبر کتاب تبسیط العقائد الاسلامیہ صـ۳۰
۱۱- اہل سنت کی معتبر کتاب اصول الفقہ صـ۳۱ م احمد ابراہیم۔
۱۲- اہل سنت کی معتبر کتاب الحقائق الخفیہ عن الشیعہ الفاطمیہ صـ۱۰۳

شرح مواقف کی عبادت صـ۵۲؎ } من الفرق الاسلامیہ الشیعہ ای والذین شایعوا علیا رضی اللہ وقالوا انہ الامام بعد رسول اللہ بالنص اما جلیا واما خفیاً و اعتقدوا ان الامامۃ لا یخرج عنہ وعن اولادہ

ترجمہ۔ اسلام کے بڑے فرقوں سے دوسرا فرقہ شیعہ ہے اور شیعہ وہ لوگ ہوتے ہیں جنہوں نے علی علیہ السلام کی پیروی کی ہے اور وہ اس امر کے قائل ہیں کہ بعد رسولؐ علیؑ امام حق ہے سا تھ نص جلی ہو یا خفی اور ان کا یہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ اعتقاد ہے کہ امامت علیؑ سے ہو کر اولاد علی سے باہر نہیں جا سکتی

نوٹ: اس بحث کو ہم نے اپنی کتاب کیا ناصبی مسلمان ہیں در جواب کیا شیعہ مسلمان ہیں میں تفصیل سے ذکر کیا ہے۔

جامع الاصول } علامہ مجد الدین ابن اثیر جزری فرماتے ہیں۔
کی عبارت } المذاہب المشہورۃ فی الاسلام التی علیہا مدار المسلمین فی اقطار الارض وھی مذھب الشافعی وابی حنیفہ ومالک واحمد ومذھب الامامیہ

ترجمہ: اسلام کے وہ مشہور مذاہب جن پر روئے زمین کے کل اطراف میں مسلمانوں کا دارومدار ہے۔ پانچ ہیں۔ مذہب شافعی مذہب ابوحنیفہ مذہب احمد بن حنبل، مذہب امامیہ۔

فی سبیل الوحدہ } علامہ عبدالفتاح عبدالمقصود مصری لکھتے ہیں
کی عبارت } ان فی عقیدتی ان الشیعۃ تعم وجھۃ الاسلام الصحیحۃ ومرائۃ الصافیہ والتاریخ شاھد علی ماقدمہ الشیعہ من الخدمات الکبیرہ فی میادین الدفاع عن العقیدہ الاسلامیہ

ترجمہ: میرا عقیدہ ہے کہ شیعہ اسلام کا صحیح رخ اور اسلام کا صاف شفاف آئینہ ہیں اور تاریخ گواہ ہے کہ عقیدہ اسلام کی حفاظت کے میدانوں میں شیعوں نے کس قدر بڑی سے بڑی قربانیاں پیش کی ہیں وہ دن دور نہیں جب کہ تمام اسلامی مذاہب ایک سٹیج پر جمع ہو جائیں گے۔

مجلۃ الفیصل } ڈاکٹر عمر فروخ لکھتے ہیں۔
کی عبارت } فی الاسلام مذاھب المالکی والحنفی والشافعی والحنبلی والجعفری وتجمیع ھذا المذاھب فی الاسلام ابواب اجتہاد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ترجمہ: اسلام میں متعدد مذاہب ہیں۔ مالکی حنفی، شافعی حنبلی اور جعفری اور یہ تمام مذاہب الاسلام میں اجتہاد کے دروازے ہیں۔

نوٹ: ارباب انصاف ہمارے پیش کردہ حوالہ جات اہل سنت کے جوتے ہیں جو سپاہ صحابہ کے منہ پر پڑے ہیں۔

امام شلتوت کا فتویٰ کہ عام مسلمانوں کی طرح شیعہ بھی ایک بڑا اسلامی فرقہ ہے

بکتاب شیعہ اور سنی کی عبارتیں

ان مذهب الجعفرية المعروف بمذهب الشيعة الاثنى عشرية يجوز التعبد به شرعاً كسائر مذاهب اهل السنة فينبغي للمسلمين ان يعرفوا ذلك وان يتخلصوا من العصبية بغير الحق لمذاهب معينة فما كان دين الله وما كانت شريعته بتابعة لمذهب معين او مقصورة على مذهب فالكل مجتهدون مقبولون عند الله منقول

از مجلۃ رسالۃ الاسلام مصر قاہرہ

ترجمہ: مذہب جعفری جو مذہب شیعہ اثنا عشری کے نام سے مشہور ہے یہ بھی ایک ایسا مذہب ہے کہ جسے اہل سنت کے دوسرے تمام مذاہب کی طرح بحکم شریعت اختیار کیا جا سکتا ہے اور مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ اس حقیقت کو سمجھیں اور کسی مذہب کے ساتھ ناحق عصبیت سے پرہیز کریں اور اللہ کی شریعت اور اللہ کا دین کسی خاص مذہب کے تابع نہیں ہے اور ان سب کا اجتہاد اللہ کی بارگاہ میں مقبول ہے

نوٹ: ارباب انصاف آپ نے دیکھا کہ جن اہل سنت علماء نے شیعوں کی کتابوں کا دیانت سے مطالعہ فرمایا ہے وہ شیعان علی کی عظمت اور سچائی کی گواہی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ڈنکے کی چوٹ پر دے رہے ہیں۔

امام اہل سنت امام ابو محمد زہرہ کا فتویٰ کہ شیعہ فرقہ ایک اسلامی فرقہ ہے

تاریخ مذاہب اسلامیہ کی عبارت } اہل سنت کی معتبر کتاب تاریخ المذاہب اسلامیہ صفحہ ۳۹ مولف ابو محمد زہرہ منقول از مجلسہ المختار الاسلامی مصر ابو زہرہ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ شیعہ فرقہ ایک اسلامی فرقہ ہے اگرچہ فرقہ سبائیہ کو جو حضرت علی کو اللہ سمجھتا ہے ہم نے خارج از اسلام قرار دیا ہے لیکن شیعہ تو مسلمان فرقوں میں شامل ہیں نیز ہم سب جانتے ہیں کہ شیعہ اثنا عشریہ بھی سبائیہ کو کافر سمجھتے ہیں ابن سبا بھی ایک موہوی شخصیت تھی اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ شیعہ جو کچھ کہتے ہیں وہ قرآنی نصوص اور احادیث نبویؐ کی رو سے کہتے ہیں۔

امام اہل سنت۔ شیخ حسن ایوب کا فتویٰ کہ اسلامی فرقوں میں شیعہ سب سے قدیم فرقہ ہے

تبسیط العقائد الاسلام کی عبادت } اہل سنت کی معتبر کتاب تبسیط العقاد الاسلامیہ صفحہ ۳۰ مولف علامہ شیخ حسن ایوب لکھتے ہیں اسلامی فرقوں میں شیعہ سب سے قدیم فرقہ ہے۔ شیعوں کی بھی مختلف اقسام ہیں ان میں کچھ میانہ رو ہیں۔ میانہ رو لوگوں نے علیؑ بن ابی طالب کی تفضیل پر اکتفا کی اور باقی اصحاب کی تکفیر و تفسیق سے اجتناب کیا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امام شلتوت اور ابو زہرہ کے استاد احمد کا فتویٰ کہ شیعہ امامیہ بھی سچے مسلمان ہیں

اصول الفقہ کی عبارت } اہل سنت کی معتبر کتاب اصول الفقہ صہ۲۱ م احمد ابراہیم لکھتے ہیں۔ شیعہ امامیہ مسلمان ہیں وہ اللہ اور اس کے رسول اور قرآن پر ایمان رکھتے ہیں جو کچھ محمد عربی لائے ہیں ان پر بھی وہ ایمان رکھتے ہیں اور ان کا مذہب وہی ہے جو بلاد فارس میں رائج ہے۔

محمد حسن اعظمی کا فتویٰ کہ شیعہ کا کوئی عقیدہ کفر نہیں

الحقائق کی عبارۃ } شیعہ امامیہ اثنا عشریہ توحید کی گواہی دیتے ہیں کہ اللہ ایک ہے وہ صمد ہے لم یلد و لم یولد ہے اس جیسا کوئی نہیں ہے۔ حضرت محمد مصطفیٰ اللہ کی طرف سے آئے ہیں تمام رسولوں نے سچ بولا ہے اور ان چیزوں کی معرفت وہ دلیل و برہان سے واجب سمجھتے ہیں ان میں تقلید جائز نہیں سمجھتے ہیں اور تمام انبیا اور رسل پر بھی ایمان رکھتے ہیں۔ انبیا جو کچھ اللہ کی طرف سے لائے ہیں اس کو حق جانتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ حضرت علیؑ اور ان کے گیارہ فرزند علیہم السلام خلافت کے لئے ہر ایک سے احق ہیں اور فاطمہ زہرہ سلام اللہ علیہا عالمین کی تمام عورتوں کی سردار ہیں۔

اگر یہ لوگ اپنے عقیدہ میں صائب اور حق پر ہیں تو فبہا ورنہ یہ عقیدہ نہ کفر کا سبب بن سکتا ہے اور نہ فسق کا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اگر تسلی نہیں ہوئی تو شیعوں کے مسلم ہونے اور اہل کا ثبوت ملاحظہ ہو

۱- اہل سنت کی معتبر کتاب فتاوی مولانا عبدالحی ص ۳۵
۲- اہل سنت کی معتبر کتاب التشہید فی التوحید ص م ابو الشکور سلمی
۳- اہل سنت کی معتبر کتاب شرح مسلم الثبوت ص م بحر العلوم عبد العلی
۴- اہل سنت کی معتبر کتاب در مختار شرح تنویر الابصار
۵- اہل سنت کی معتبر کتاب فتح القدیر ص شرح ہدایہ
۶- اہل سنت کی معتبر کتاب فتح الباری شرح بخاری ص ۴۵۹/۱۴ فصل ۹
۷- اہل سنت کی معتبر کتاب میزان الاعتدال ص ۵/۱ ذ- ابان بن تغلب
۸- اہل سنت کی معتبر کتاب اسلامی انسائیکلو پیڈیا ص ۲۴۳/۲

نوٹ:

ایک سے پانچ تک کتابوں کا حوالہ فتاوی عبدالحی سے لیا ہے متوجہ رہیں

شرح مسلم الثبوت } مولانا عبدالحی اپنے فتاوی میں نقل کرتے ہیں بحر العلوم عبد العلی نے فرمایا ہے والصحیح عند الحنفیہ ان الروافض لیسو بکفار کہ صحیح فتویٰ حنفیہ کے نزدیک یہ ہے کہ روافض (شیعہ) کفار نہیں ہیں۔

نوٹ: اس عبارت میں لفظ صحیح بھی موجود ہے یعنی اگر اس کے خلاف بھی اگر فتویٰ ہے تو وہ صحیح نہیں ہے مخالف سے مناظرہ میں لفظ صحیح کا مطالبہ کریں

فتاوی عبدالحی کی عبارت [منقح اور قول مفتی و مرجح یہ ہے کہ جو شیعہ منکر ضروریات دین نہیں ہوں گو سب صحابہ کرتے ہیں وہ فاسق ہیں کافر نہیں ذبیحہ ان کے ہاتھ کا حلال ہے حرام نہیں ہے ان کو رشتہ دینا لینا بھی جائز ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شیعوں کے ساتھ رشتے کرنے جائز ہیں

فتح القدیر اور } فمقتضی الوجه حل منا کحتھم لان الحق عدم
در مختار کی عبارۃ } تکفیر اھل القبلة

عبد الحی نقل کرتے ہیں کہ شیعوں سے رشتے کرنا جائز ہیں۔ کیونکہ حق
مذہب یہ ہے کہ اہل القبلہ کو کافر نہ قرار دیا جائے۔

السائیکلو پیڈیا } شیعہ اسلام کا ایک بہت بڑا
کی عبارت } فرقہ ہے۔

شیعہ اسلام کے بڑے فرقوں میں سے ایک فرقہ ہے۔

نوٹ:

شرح مواقف کی عبارت کو ساتھ ملائیں من الفرق الاسلامیہ
الشیعہ کہ اسلامی فرقوں میں سے ایک فرقہ اور مذہب شیعہ ہے جامع
الاصول کی عبارت بھی ساتھ ملائیں کہ مذاہب اسلامیہ میں ایک مذہب امامیہ
شیعہ ہے تحفہ اثنا عشریہ کی عبارت ساتھ ملائیں کہ اصحاب، مہاجرین، انصار
تابعین، روساء مذہب اہل سنت شیعہ تھے خصوصاً ابو حنیفہ امام اعظم
بھی شیعہ تھے۔ قرآن پاک کو دیکھیں ابراہیم نبی بھی شیعہ تھے۔

ارباب انصاف جن ملانان صاحبان نے شیعوں کے خلاف فتوے
دے کر اپنے دین، دیانت کو برباد کیا انھوں نے رگ انصاف کو کند چھری
سے ذبح کیا ہے۔

اگر ان فتاوی پر ہی دار و مدار اسلام اس کا ہے تو امام اعظم کا کیا بنے گا اگر
شیعہ کافر ہے تو سر فہرست امام اعظم بھی کافر ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علماء اہل سنت کا شیعہ راویان حدیث سے روایات کا لینا شیعوں کے اہل اسلام ہونے کا ٹھوس ثبوت ہے

فتح الباری ہدی الساری مقدمہ فتح الباری ص ۴۵۹ فصل ۹
کی عبادت } والتشیع محبة علی و تقدیمه علی الصحابة

ترجمہ: شیعہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ علی کی محبت دل میں ہو اور حضرت علی کو تمام صحابہ سے مقدم، اور افضل سمجھے۔

میزان الاعتدال } فبدعة صغری کغلو التشیع او کالتشیع
کی عبادت } بلا غلو و لا تحرف فهذا کثیر فی التابعین و تابعیهم مع الدین والورع والصدق فلو رد حدیث هؤلاء لذهب جملة من الآثار النبویه و هذه مفسدة بینه

ترجمہ - ابان بن تغلب الکوفی کے بارے امام ذہبی نے لکھا ہے کہ شیعی جلد لکنه صدوق - اس پر اعتراض ہوا کہ راوی میں عدالت ضروری ہے شیعہ کی آپ نے کس طرح توثیق کر دی (ذہبی) کا جواب دیتے ہیں کہ چھوٹی بدعت یہ ہے کہ راوی غالی شیعہ ہو یا بلا غلو اور تحرف شیعہ ہو اور شیعہ ہونے کی بدعت تابعین اور تبع تابعین میں زیادہ تھی اس کے ساتھ وہ دیانت دار اور پرہیزگار اور سچے تھے۔

پس اگر ان شیعوں کی حدیث کو رد کیا جائے تو فرمان نبوت ضائع ہو جائیں گے اور یہ واضح دین کی بربادی ہے نوٹ مذکورہ عبارت کے بعد آپ خود فیصلہ کریں۔ ع سچ ہے بھوک میں چنے کشمس کا مزہ دیتے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صواعق محرقہ سے روافض کی مذمت پیش کر کے مولوی محمد علی نے اعتراف کر لیا ہے کہ ان کے بھیڑ بکری دانے ختم ہیں

ارباب انصاف اہل سنت بھائیوں کی کتابوں میں روافض کی مذمت اگر آئی ہے تو اس کی ہماری نگاہ اور انصاف کی نگاہ میں ایک تنکہ بھی وقعت نہیں ہے کیونکہ انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ مولوی محمد علی شیعہ کی کتابوں سے روافض کی مذمت دکھائے مسلمات مخالف کو اس کے سامنے پیش کیا جاتا ہے کیا ابوبکر، عمر کی جو مذمت شیعہ کتب میں آئی ہے مولوی محمد علی اس کو تسلیم کرنے کے لئے تیار ہے صواعق کو شیعوں کے خلاف بریلوی محدث کا پیش کرنا اس طرح ہے جس طرح بوسہ لینے سے انزال ہوتا ہے

روافض شیعہ کا نام کیوں اور کب سے رکھا گیا

۱- اہل سنت کی معتبر کتاب الغنیۃ الطالبین صفحہ ۱۹۷ ذکر فرقوں کا

۲- اہل سنت کی معتبر کتاب فتح الباری صفحہ ۴۵۹/۱۴۷ فصل ۹

۳- اہل سنت کی معتبر کتاب العتب الجمیل علی اہل الجرح و والتعدیل صفحہ ۲۳

۴- اہل تشیع کی مایہ ناز کتاب الروضہ الکافی صفحہ ۵۴ حدیث ۹۰

فتح الباری — التشیع محبۃ علی و تقدیمہ علی الصحابۃ فمن قدمہ علی ابی بکر و عمر فہو غال فی تشیعہ و یطلق علیہ

کی عبارت — روافض و الا فشیعی امام اہل سنت ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں کہ شیعہ کا معنی ہے علی سے محبت رکھے اور ان کو صحابہ سے افضل سمجھے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور جو شخص حضرت علی کو ابو بکر اور عمر سے افضل سمجھے وہ تشیع میں غالی ہے اور اس کو روافض کہا جاتا ہے۔

نوٹ: ارباب انصاف رافضی کا معنی معلوم ہو گیا کہ جو شخص بھی حضرت علی کو ابو بکر اور عمر سے مقدم اور افضل سمجھے وہ رافضی ہے اور جو معنی صواعق میں لکھا ہے وہ خرافات ہیں۔

عبارت الغنیہ کی: اما الشیعة فلهم أسماء منها الشيعة والرافضة وانما قيل لها الشيعة لانها شيعت عليا وفضلوه على سائر الصحابة وقيل لها الرافضة لرفضهم اكثر الصحابة وامامة أبي بكر وعمر

رفض کا معنی ہے چھوڑنا ابو بکر عمر کو چھوڑنے کی وجہ سے شیعان علی کا نام رافضی رکھا گیا

ترجمہ عبارت غنیہ کا: فصل شیعہ فرقہ اور ان کے نام کئی ہیں۔ ایک نام ان کا شیعہ ہے اور ایک نام ان کا رافضی ہے ان کو شیعہ اس لئے کہا جاتا ہے کہ انہوں نے علیؑ کی پیروی کی اور آنجناب کو تمام صحابہ پر فضلیت دی اور ان کو رافضی اس لئے کہا جاتا ہے کہ انھوں نے خاندان نبوت کے دشمن صحابہ کو اور امامة ابو بکر و عمر کو چھوڑ دیا۔

نوٹ: ارباب انصاف رافضی کا معنی روشن ہو گیا کہ شیخین کو چھوڑنے والا رافضی ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امام یمین محمد بن عقیل شافعی کی گواہی کہ بڑے بڑے صحابہ کرام اور تمام بنو ہاشم رافضی تھے

المعتب الجمیل | ذکر شیخ ابن حجر العسقلانی فی مقدمہ فتح الباری
کی عبادت | التشیع محبۃ علیؑ" کہ ابن حجر نے جو لکھا ہے کہ
تشیع کا معنی ہے علی کی محبت اور ان کو صحابہ پر مقدم کرنا پس علی کو جو ابوبکر
پر مقدم کرے وہ غالی شیعہ ہے اور اسی کو رافضی کہا جاتا ہے و الا
فشیعی اور اگر شیخین پر علیؑ کو مقدم نہ کرے تو محض شیعہ ہے۔ معنی کلامہ
ان جمیع محبی علیؑ المقدمین لہ علی الشیخین روافض وعلی ھذا فجملۃ
کبیرۃ من الصحابۃ الکرام کالمقداد و زید بن ارقم وابی ذر و
بریدہ و بنی ھاشم کلھم و بنی عبد المطلب کلھم روافض لتفضیلھم
علیا علی الشیخین و محبتھم لہ

امام یمین فرماتے ہیں کہ ابن حجر کے کلام کا مطلب یہ ہوا کہ تمام حبدار
علیؑ کے جو ان کو ابوبکر اور عمر پر فضیلت دیتے ہیں وہ رافضی ہیں۔ ابن حجر
کی تحقیق کا نتیجہ یہ ہوا کہ تمام بڑے بڑے صحابہ کرام سے مثلاً مقداد صحابی
صحابی زید بن ارقم اور ابو ذر صحابی اور بریدہ صحابی اور تمام بنو ہاشم اور
بنو عبد المطلب روافض تھے۔

کیوں کہ وہ علی کے حبدار تھے اور ان کو ابوبکر و عمر سے افضل
جانتے تھے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رافضی کی وجہ تسمیہ خاندان نبوت کی نگاہ میں

فرعون کو چھوڑ کر موسیٰ و ہارون پہ ایمان لانا ہے

الروضہ کی عبارت

ابوبصیر نے امام جعفر صادقؑ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کہ انھوں نے ایک حدیث کی وجہ سے ہمارا ایک نام رکھا ہوا ہے اور احکام نے اس حدیث کی وجہ سے ہمارا خون حلال سمجھا ہے امام پاک نے فرمایا کہ الرافضہ عرض کی ہاں حضور اسی نام کی وجہ سے قال لا واللہ ما ھم سموکم ولکن اللہ سما کم بہ اما علمت۔ ان سبعین رجلا من بنی اسرائیل رفضوا فرعون وقومہ لما استبان لھم ضلالھم فلحقوا بموسیٰ لما استبان لھم ھداہ فسموا فی عسکر موسیٰ الرافضۃ لانھم رفضوا فرعون

ترجمہ: امام پاک نے فرمایا بخدا انھوں نے آپ کا نام رافضہ نہیں رکھا بلکہ یہ نام تم کو اللہ نے دیا ہے کیا آپ کو معلوم نہیں ہے کہ بنی اسرائیل کے ستر ہزار آدمی نے فرعون اور اس کی قوم کو چھوڑ دیا تھا جب کہ ان کو فرعون کی گمراہی معلوم ہو گئی اور انھوں نے جب موسیٰ کی حقانیت کو پا لیا تو موسیٰ کے لشکر کے ساتھ مل گئے۔ اور موسیٰ بھی لشکر میں ان کا نام ہو گیا۔

رافضہ کیونکہ انہوں نے فرعون کو چھوڑ دیا تھا۔ اے ابوبصیر تمہارے دشمن نے خیر کو چھوڑ دیا اور تم نے شر کو چھوڑ دیا۔

نوٹ: یہ لقب بھی شیعوں کے لئے باعث مدح ہے نہ کہ مذمت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فقہ اہل سنت کا چوتھا امام شافعی رافضی ہے

۱- اہل سنت کی معتبر کتاب صواعق محرقہ صـــ باب ۹ فصل ۴

۲- اہل سنت کی معتبر کتاب ینابیع المودة صـــ۴۷۲ باب ۸۶

۳- اہل سنت کی معتبر کتاب نصائح الکافیہ صـــ۸۷۱

نصائح اور صواعق کی عبارت { ان کان حب الوصی رفضا فاننی ارفض العباد

امام اہل سنت محمد بن ادریس شافعی فرماتے ہیں کہ اگر وصی رسول علیؑ مرتضیٰ کی محبت رفض ہے تو تحقیق میں تمام لوگوں سے زیادہ رافضی ہوں۔

قول شافعی جن و انس گواہی دیں کہ میں رافضی ہوں

نصائح اور صواعق { یا راکبا قف بالمحصب من منیٰ واهتف بقاعد خیفها والناهض
ان کان رفضا حب آل محمد فلیشهد الثقلان انی رافضی

حضرت شافعی فرماتے ہیں کہ میدان منیٰ میں ہر کھڑے اور بیٹھے شخص کو آواز دے کر بتا دیں کہ اگر آل محمد سے محبت رفض ہے تو جن و انس گواہی دیں کہ میں رافضی ہوں۔

روافض پر طعن کرنے والوں پر امام شافعیؒ نے لعنت فرمائی

نصائح الکافیہ { برئت الی المهیمن من اناس - یرون الرفض حب الفاطمیه
علی آل الرسول صلوٰۃ ربی - ولعنتہ لتلک الجاهلیه

امام شافعی فرماتے ہیں کہ میں رب تعالیٰ کی بارگاہ میں ان لوگوں سے برائت کرتا ہوں جو نبیؐ پاک کی بیٹی فاطمہؑ کے خاندان کی محبت کو رفض جانتے ہیں۔ آل رسول پر اللہ کی رحمت اور ان کی محبت کو رفض جاننے والوں کی جہالت پر لعنت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اہل سنت احباب کو دعوت فکر کہ قرآن اور حدیث گواہ ہے کہ موسیٰ کے پیروکاروں کا نام شیعہ بھی تھا اور رافض بھی

ارباب انصاف قرآن پاک کی سورہ القصص آیت ۱۵ گواہ ہے کہ ھذا من شیعتہ وھذا من عدوہ۔ ایک آدمی موسیٰ کے دشمن سے تھا اور ایک ان کا دوست تھا اور عبارات سابقہ کتب اہل سنت گواہ ہیں کہ تشیع علیؑ کی محبت کا نام ہے اور روضۃ کافی سے فرمان گواہ ہے کہ فرعون کو چھوڑ کر موسیٰ سے محبت کرنے والوں کا نام رافض تھا۔ اور ارشادات امام شافعی کی گواہ ہیں کہ امام الھدی حضرت علیؑ سے محبت رکھنا ہی رافضیت ہے نتیجہ یہ نکلا کہ شیعیت اور رافضیت علی کی محبت کا نام ہے اس کی تائید بہاؤ الحق ذکریا ملتانی فرماتے ہیں۔

خدا اور رسولؐ اور جبریل بھی رافض ہیں

من علیؑ دوست دارم خلق گویند رافضی - پس خدا و مصطفیٰ جبریل باشد رافضی
میں علیؑ سے محبت کرتا ہوں لوگ کہتے ہیں رافضی ہیں خدا اور رسول اور جبریل بھی رافضی ہیں۔

امام شافعی آل محمدؐ کی محبت کے گناہ سے توبہ ناممکن ہے

النصائح (اذا کان ذنبی حب آل محمدؐ - فذالک ذنب لست عنہ اتوب
الکافیہ (شافعی : اگر آل محمدؐ کی محبت گناہ ہے تو اس گناہ سے شافعی توبہ نہیں کرے گا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علی کے حیداروں کو بالخصوص روافض کہنا بنوامیہ والی چال ہے

ارباب انصاف کتب اہل سنت گواہ ہیں کہ امیرالمؤمنین یعسوب المسلمین امام المتقین ابوالحسن علی بن ابی طالب کے کئی القاب ہیں۔ مگر دشمنان اسلام بنوامیہ اور ان کے درباری امام الاؤلیا کو آنجناب کی توہین اور تنقیص کی خاطر ابوتراب کہتے تھے حالانکہ یہ نام بھی حضرت علیؑ کو نبی پاک نے دیا تھا اور بنوامیہ کو اپنی اس حرکت سے سوائے لعنت اور ذلت کے اور کچھ بھی نصیب نہ ہوا۔

اسی طرح وہ ملاں جن کی نہ ماں کا پتہ ہے اور نہ ہی باپ کا وہ علیؑ کے حیداروں کی توہین اور ان کی تنقیص کی خاطر ان کو بجائے شیعہ کہنے کے روافض کہتے ہیں حالانکہ رافضی ہونے کا امام شافعی نے بڑے فخر سے اعلان فرمایا ہے۔

امام اہل سنت فخرالدین رازی کی گواہی کہ شافعی رافضی تھا

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر صفحہ ۳۹۱ ج ۲۷ پارہ ۲۵ آیت مودۃ

ان کان رفضا حب آل محمدؐ فلیشھد الثقلان انی رافضی

امام شافعی نے فرمایا ہے اگر رافضیت آل محمد کی محبت ہے تو جن و انسان گواہی دیں کہ میں رافضی ہوں۔

نوٹ:

ارباب انصاف ہم علی کے حیدارہ اپنے لئے لفظ شیعہ کو طعنہ نہیں سمجھتے اور نہ ہی لفظ رافض کو اپنے لئے برا جانتے ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ملاں قاری حنفی کی گواہی کہ اگر رفض علی کی افضلیت ہے تو تمام رافضی ہیں اہل درایۃ اور روایۃ میں کوئی سنی نہیں

اہل سنت کی معتبر کتاب شرح فقہ اکبر صفحہ ۹۳ ذکر افضل الناس بعد النبی فلا جہۃ للتوقف بل یجب ان یجزم بأفضلیت علیؑ ... ولو کان ولذ قیل فیہ رائحۃ من الرفض لکنہ فریہ بلا مریہ واللہ۔ ولو کان هذا رفضا وترکا للسنۃ لم یوجد من اہل الروایہ والدرایۃ سنی اصلاً۔ عربی اختصار کے لئے کر دی ہے

ترجمہ:

ایک سنی ملاں کہتا ہے کہ حضرت علیؑ کو افضل ماننے میں توقف کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ بلکہ مولیٰ علیؑ کو تمام سے افضل ماننا واجب ہے کیونکہ ان کے فضائل بہت زیادہ ہیں۔

اس پر ایک سنی ملاں پھر اعتراض کرتا ہے جو کہتا ہے کہ علیؑ کو افضل مانو اس کے کلام میں رافضیت کی بو آتی ہے پھر ایک سنی مولا کہتا ہے کہ یہ بات جھوٹ ہے کہ اس میں رافضیت کی بو ہے اگر علیؑ کی افضلیت کے اقرار میں افضلیت کی بو ہے اور سنیت کا ترک ہے تو پھر اہل روایت اور درایت میں کوئی بھی سنی نہیں ہے سب رافضی ہیں۔ دین میں تعصب مت کرو اور حق کو مت چھوڑ دو

نوٹ: ارباب انصاف مولیٰ علیؑ اور ان کے شیعہ کے ساتھ اہل سنۃ والجماعۃ نے جو بے انصافی اور ظلم کیا ہے یہ بہت پر درد داستان ہے عادل حقیقی ان نواصب سے روز قیامت انتقام لے گا۔ سنی بھائیوں نے ٹکے ٹکے کے لوگوں کو علی پر فضیلت دی ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شیعوں کے خلاف کفریہ فتاوی کی وجوہات اور اسباب

پہلا سبب روافض صحابہ کو بُرا بھلا کہتے ہیں

ارباب انصاف اہل سنت احباب نے شیعوں کے خلاف فتوئی کی ایک وجہ یہ بھی بیان فرمائی ہے کہ یہ لوگ ابوبکر اور عمر اور عثمان کو اور معاویہ کو اور عائشہ کو برا بھلا کہتے ہیں اور جو لوگ ان کو برُا بھلا کہیں وہ کافر ہیں۔ لیس روافض کافر ہیں۔

سوال :

اہل سنت دوستوں سے ہم برادرانہ سوال کرتے ہیں کہ آپ قرآن پاک سے کوئی آیت یا فرمان رسول اللہ سے کوئی حدیث دکھائیں جس میں یہ لکھا ہو کہ مذکورہ ہستیوں کو برُا کہنا کفر ہے اور اس آیت اور حدیث میں ان کے نام بھی ہوں اور اگر آیت قرآن اور حدیث رسول آپ کے پاس نہیں ہے تو پھر روافض کے کفر کا فتویٰ دینا بلا دلیل ہے اور جس فتوے کی بنیاد آیت قرآن اور حدیث رسول نہ ہو وہ غلط ہوتا ہے۔

جواب :

ایسی آیت اور حدیث نہیں ہے البتہ مذکورہ لوگ اصحاب ہیں اور اصحاب کو برُا کہنے سے منع کیا گیا ہے۔

سوال : ہم شیعہ لوگ دوبارہ سنی بھائیوں سے سوال کرتے ہیں بحث کفر کی ہے آپ وہ آیت یا حدیث دکھائیں جس میں یہ لکھا ہے کہ مذکورہ لوگوں کو برُا کہنا کفر ہے یہ الفاظ دکھائیں کہ ثلثہ یا اصحاب کو برُا کہنا کفر ہے اور اگر یہ الفاظ آپ نہیں دکھا سکتے تو فتویٰ جھوٹا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دوسرا سوال:

ہمارا سنی بھائیوں سے دوسرا سوال یہ ہے کہ بقول آپ کے فتوی کے کہ صحابہ کو برا کہنے والا کافر ہے۔ حضرت علیؑ صحابی بھی تھے اور خلیفہ رسول اللہؐ بھی اور اللہ کے ولی بھی تھے اور معاویہ آنجناب کو گالیاں بھی دیتا رہا اور جمعہ کے خطبوں میں آنجناب پر لعنت بھی کرتا رہا۔ پس معاویہ کو بھی کافر مانو۔ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ ایک کام اگر روافض کریں تو وہ کافر ہیں اور اگر معاویہ کرے تو کافر نہیں۔ بلکہ اہل سنت کا چھٹا امام ہے اور معاویہ کا آنجناب پر سب و لعن کرنے کا ثبوت میں اپنی کتاب معاویہ کی خاندان نبوت پر تبرا بازی میں تفصیل دے چکا ہوں۔

سپاہ صحابہ و دیگر علماء اہل سنت کو زبردست چیلنج

ارباب انصاف ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے۔ ہم برادران اہل سنت کو چیلنج کرتے ہیں کہ جس عدالت میں تمہارا جی چاہیے ہمیں بلاؤ ہم حاضر ہیں۔ ہم تمہاری کتابوں سے ثابت کریں گے کہ حدیث رسول ہے ادب المفرد لامام بخاری میں لکھی ہے کہ نبی پاک نے ابوبکر سے فرمایا تھا کہ شرک تم میں پایا جاتا ہے اور فتح الباری میں لکھا ہے کہ حضرت عمر نے خود اقرار کیا تھا کہ میں منافق ہوں۔

اور سیرت حلبیہ میں لکھا ہے کہ بی بی عائشہ نے فتوی دیا تھا کہ عثمان کافر ہو گیا تھا۔ یہ کتابیں بھی آپ کی ہیں اور اصحاب بھی آپ کے ہیں اگر جرأت ہے اور تمہارے مذہب میں سچائی ہے تو حدود انصاف میں رہ کر کسی عدالت میں ہمارے ساتھ بات کرو۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سپاہ صحابہ اور اہل سنت کا شیعوں کے خلاف جھوٹا پراپیگنڈہ

ارباب انصاف ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے انجمن سپاہ صحابہ نے خیانت اور بد دیانتی کی تمام حدیں اور جھوٹ بولنے کی تمام ریکارڈ توڑ دیں ہیں۔ اور شیعوں کے خلاف وہ اسی طرح میدان میں آگئے جس طرح معاویہ خاندان نبوت کے مقابلہ میں آگیا تھا۔ اس منحوس سپاہ کے تمام الزامات بے بنیاد ہیں۔ شیعان علیؑ ابوبکر اور عمر اور عثمان کو گالیاں نہیں دیتے بلکہ شیعان علیؑ ان تینوں کی ان خامیوں کو بیان کرتے ہیں جن خامیوں کو علماء اہل سنت نے اپنی کتابوں میں اپنے قلم مبارک سے لکھا ہے۔

یہ کہاں کا انصاف ہے کہ ان خامیوں کو اگر علماء اہل سنت نے لکھا ہے تو وہ کافر نہیں ہیں اور اگر ان خامیوں کو شیعہ بیان کریں تو کفر ہے یہ سراسر بے انصافی ہے۔

علماء اہل سنت کا فتویٰ کہ صحابہ کو سب اور لعن کرنا کفر نہیں ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب شرح فقہ اکبر صہ ۸۷ حافظ علی قاری حنفی
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب شرح عقائد نسفی صہ ۱۱۸ علامہ تفتازانی
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب فتاوی مولانا عبدالحی صہ ۳۵
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب شرح مواقف صہ ۲۲۶ المقصد صہ
۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب التمہید فی التوحید ابو الشکور سلمی
۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب شرح مقاصد صہ ۲۶۹ المبحث السابع

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شرح فقہ اکبر صٹ ثم فی بسط الامام الکلام علی نفی تکفیر
کی عبارت ارباب الآثام من اہل القبلۃ و لومن اہل
البدعۃ دلالۃ علی أن سب الشیخین لیس بکفر کما صححہ ابو الشکور
السالمی فی تمہیدہ و ذالک لعدم ثبوت معناہ انتہٰی تک

امام اہل سنت ملاں علی قاری اور ابو شکور کا فتویٰ

کہ ابو بکر اور عمر کو گالیاں دینا کفر نہیں ہے

ترجمہ عبارۃ شرح فقہ اکبر: امام ابو حنیفہ نے اہل قبلہ سے جو اہل بدعت ہیں اور گناہ گار ہیں ان کے کافر نہ ہونے پر جو کلام میں پھیلاؤ پیدا کیا ہے اس میں روشن دلالت ہے کہ ابو بکر اور عمر کو گالیاں دینا کفر نہیں ہے اور اسی کو صحیح مانا ہے ابو شکور سالمی نے تمہید میں۔ اور وہ کافر اس لئے نہیں ہے کہ اس کو کافر کہنے والے کا مبنیٰ معلوم نہیں ہے کیونکہ مسلمان کو گالیاں دینا فسق ہے جیسا کہ حدیث میں ثابت ہے اور اس حکم میں شیخین اور غیر برابر ہیں۔

اہل سنت کے نزدیک ابو بکر و عمر کا قاتل بھی کافر نہیں ہے

شرح فقہ اکبر صٹ: لو فرض أن احداً قتل الشیخین لا یخرج عن کونہ مسلما عند اہل السنۃ والجماعۃ ومن المعلوم ان السب دون القتل۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ترجمہ: اگر بالفرض کوئی شخص ابوبکر اور عمر کو قتل بھی کرے تو وہ قاتل مسلمان ہونے سے خارج نہیں ہوتا اہل سنت وجماعت کے نزدیک اور گالیاں دینا تو قتل سے کم ہے۔

علامہ تفتازانی سنی کا فتویٰ کہ ابوبکر اور عمر کو گالیاں دینا کفر نہیں

شرح فقہ اکبر صفحہ ۱۴۱ } وھذا تصریح من العلامۃ ان سب الشیخین لیس مکفر عند العامۃ۔

مذکورہ عبارت میں تصریح ہے علامہ کی طرف سے کہ ابوبکر اور عمر کو گالیاں دینا اہل سنت کے نزدیک کفر نہیں ہے۔

مولانا عبدالحی کا فتویٰ کہ شیخین کو تبرا کرنا کفر نہیں ہے

فتاوی عبدالحی کی عبارت } سوال شیعہ کو کافر کہنا چاہیئے یا نہیں۔ جواب جو شیعہ کہ منکر ضروریات دین ہیں وہ کافر ہیں صرف تبرائی شیعہ کافر نہیں ہیں۔

عبدالحی کا دوسرا فتویٰ کہ ابوبکر اور عمر کو گالیاں دینا کفر نہیں

فتاوی عبدالحی کی عبارت } جو شیعہ منکر ضروریات نہیں ہیں اگرچہ وہ سب صحابہ کرتے ہوں یعنی صحابہ کو گالیاں دیتے ہوں وہ فاسق ہیں کافر نہیں ہیں۔ ان کے ہاتھ کا ذبح شدہ حلال ہے حرام نہیں ہے ان سے رشتہ کرنا بھی درست ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابو شکور سالمی کا فتویٰ کہ عائشہ اور معاویہ پر لعن کفر نہیں ہے

فتاوی عبدالحی کی عبادۃ } قال ابو الشکور فی کتاب الشھید فی التوحید من قال یجب اللعن علی من خالف علیاً کعائشۃ ومعاویۃ وھذا کلمہ وما اشبہ یکون بدعۃ ولیس بکفر لانہ صادر عن تاویل۔

ترجمہ:

امام اہل سنت ابو شکور فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ کہتا ہے کہ عائشہ اور معاویہ پر لعنت کرنا واجب ہے نیز ہر اس شخص پر بھی لعنت کرنا واجب ہے جو علیؑ کا مخالف ہے جیسے کہ عائشہ اور معاویہ مخالف تھے تو یہ کہنا بدعت ہے اور کفر نہیں ہے۔ اگر وہ لعن کرے گا تاویل اس کے پاس ہے۔

اہل سنت احباب کو دعوت انصاف

ارباب انصاف ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے جناب ابو بکر و عمر و عائشہ کو گالیاں دینا یا ان پر لعنت کرنا ایسا گناہ نہیں ہے کہ جس کی وجہ سے آدمی کافر ہو جائے اور یہ بات خود علماء اہل سنت فرماتے ہیں کیونکہ مذکورہ لوگوں پر لعنت کرنے یا سب کرنے سے کفر پر قرآن وحدیث سے کسی کوئی ثبوت نہیں ہے۔

چودہ سو سال گزر چکے ہیں آج تک ثلاثہ کا کوئی دلیل ثبوت نہیں پیش کر سکا۔ اور اگر قرآن وسنت سے ثبوت نہیں ملتا۔ بغیر ثبوت کسی کو کافر کہنا غلط ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اہل سنت کے امام تفتازانی کا فتویٰ کہ ثلثہ اور عائشہ کو لعنت کرنا یا ان پر طعن کرنا بدعت ہے کفر نہیں

شرح عقائد نسفی کی عبارت { فسبهم والطعن فيهم ان كان مخالف الادلة القطعيه نكفروا لا فبدعة وفسق

امام اہل سنت سعد الدین مسعود بن عمر تفتازانی فرماتے ہیں کہ ابوبکر و عمر اور عائشہ کو اگر گالیاں دینے والا اور ان پر تنقید کرنے والا دلائل یقینیہ کی مخالفت کرتا ہے تو پھر کفر ہے ورنہ فسق اور بدعت ہے۔

اہل سنت کے اماموں کا فیصلہ کہ اہل قبلہ کو کافر نہ کہیں اور شیعہ بھی تو اہل قبلہ ہیں

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب شرح فقہ اکبر صـ۱۲۱

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب شرح عقائد نسفی صـ۱۱۸

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب شرح مواقف صـ۷۲۶ المقصد ۵

۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب شرح مقاصد جلد ۲ صـ۲۶۹ المبحث ۸

فقہ اکبر کی عبارت { ولا نكفر بذنب من الذنوب وان كانت كبيرة ولا نزيل عنه اسم الايمان ونسميه مومنا حقيقة ويجوز ان يكون مومنا فاسقا غير كافر

ترجمہ: امام اعظم نعمان بن ثابت فرماتے ہیں کہ مسلمان خواہ کتنا ہی بڑا گناہ کرے ہم اس کو کافر نہیں کہتے اور اسم ایمان اسے دور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

زائل نہیں کرتے اور ہم اس کو حقیقتہً مومن کہتے ہیں اور رجائز ہے کہ وہ مومن کافر ہو اور فاسق ہو۔

لوٹ:

ارباب انصاف یہ ساری محنت معاویہ اور عائشہ کو بچانے کی خاطر ہے مگر اس فتویٰ سے جس طرح عائشہ اور معاویہ کفر سے بچ جاتے ہیں اسی طرح شیعہ بھی بچ جاتے ہیں۔ معاویہ نے حضرت علی کو گالیاں دی ہیں اور عائشہ نے عثمان کو کافر کہا ہے اگر یہ دونوں صحابہ کو گالیاں دے کر مسلمان رہ سکتے ہیں تو شیعہ بدرجہ اولی مسلمان ہیں۔ کیونکہ شیعہ صرف وہ مطاعن بیان کرتے ہیں جن کو علماء اہل سنت اپنے قلم مبارک سے اپنی کتابوں میں لکھتے ہیں۔

امام اعظم کا فرمان کہ اہل قبلہ کو ہم کافر نہیں قرار دیتے

شرح مواقف کی عبادت { وحکی الحاکم صاحب المختصر فی کتاب المنتقی عن ابی حنیفہ لم یکفر احدا من اھل القبلۃ وحکی ابوبکر الرازی مثلہ عن الکرخی۔

امام اعظم فرماتے ہیں کہ اہل قبلہ کی تکفیر نہ کی جائے اور ابوبکر رازی نے یہ فتویٰ کرخی سے بھی نقل کیا ہے۔ نوٹ: شیعہ بھی اہل قبلہ ہیں اور احناف کے امام کے فرمان کے مطابق ان کو کافر کہنا صحیح نہیں پس شیعہ بھی مسلمان ہیں۔

امام اہل سنت اشعری کا فرمان کہ اہل قبلہ کافر نہیں ہیں

شرح مواقف کی عبادت { المقصد الخامس فی ان المخالف للحق من اھل

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

القبلة هل یکفرام لا ۔ جمهور المتکلمین والفقهاء علی انه لا یکفر احد من اهل القبلة ۔ قال الشیخ ابو الحسن عن بعض اختلف المسلمون بعد نبیهم فی اشیاء وتبرا بعضهم عن بعض فصاروا افرقا متبا ینین الا ان الاسلام لجمعهم لعمهم فهذا مذهبه وعلیه اکثر اصحابنا ۔

ترجمہ : اہل سنت میں سے بڑے بڑے علماء متکلین اور فقہ کے امام فرماتے ہیں کہ اہل قبلہ کو کافر نہ کہا جائے ۔ امام اہل سنت ابو الحسن اشعری فرماتے ہیں کہ نبی کریم کے بعد کئی مسائل میں اہل اسلام کا اختلاف ہوا اور ایک دوسرے سے انھوں نے برائت کی اور کئی مختلف فرقوں میں بٹ گئے مگر اسلام ان کو جمع کرتا ہے اور سب مسلمان ہیں ۔

شارح شرح مواقف کا اعتراف کہ شیعہ مسلمان ہیں اور قدح صحابہ کی وجہ سے ان کو کافر قرار نہیں دیا جائے

شرح موقف } الرابع ۔ اختصار کی خاطر ترجمہ پیش خدمت کی عبادت } ہے ۔

بعض لوگوں نے روافض کو کافر قرار دیا ہے اور انھوں نے یہ دلیل پیش کی ہے کہ اکابر صحابہ کو قرآن نے صاحب ایمان قرار دیا ہے اور احادیث میں اصحاب کا تزکیہ بیان ہوا ہے پس صحابہ پر تنقید کرنا قرآن اور احادیث کو جھٹلانا ہے اور کفر ہے ۔

قلنا لا ثنا علیهم خاصة پھر شارح اور ماتن اس کا جواب

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دیتے ہیں کہ قرآن پاک میں کسی خاص صحابی کی خاص طور پر تعریف نہیں کی خاص طور پر تعریف نہیں کی گئی اور جن صحابہ پر شیعہ طعن کرتے ہیں ان کا عقیدہ یہ ہے کہ

صحابہ اس عام تعریف میں شامل نہیں ہیں پس ان مخصوص صحابہ پر طعن کرنا تکذیب قرآن نہیں ہے اور احادیث میں صحابہ کی جو تعریف آئی ہے وہ احادیث اخبار احاد ہیں ان کے انکار سے تکذیب رسول اللہ لازم نہیں آتی پس ان احادیث کو رد کرنے سے فلا یکفر المسلم بانکارھا۔ کسی مسلمان کو کافر نہیں قرار دیا جا سکتا۔

الثانی الاجماع۔

دلیل دوم تکفیر روافض کی یہ ہے کہ امت کا اجماع ہے کہ جو لوگ کبار صحابہ کی تکفیر کریں وہ کافر ہیں اور روافض اسی طرح کرتے ہیں پس وہ کافر ہیں۔

قلنا ھو لا یسلم کونھم من کبار الصحابۃ

ماتن اور شارح اس کا جواب دیتے ہیں کہ روافض جن صحابہ پر طعن کرتے ہیں وہ ان کو کبار صحابہ سے تسلیم نہیں کرتے پس ان مخصوص صحابہ پر طعن کرنے سے روافض کا کفر لازم نہیں آتا۔

نوٹ:

ارباب انصاف یہ کتاب نایاب نہیں ہے اہل علم کے پاس موجود ہیں دیانت اور انصاف سے اس کتاب کا مذکورہ مقام کا مطالعہ کیا جائے کہ شیخین اور علائۃ کو لعن طعن کرنیوالا کافر ہے خود اس چیز کو علماء سنت تسلیم نہیں کرتے اور وہ بجائے تسلیم کس طرح کریں کیونکہ ان کے پاس قرآن اور حدیث سے کوئی دلیل نہیں ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امام شافعی و ابو حنیفہ و رازی کے نزدیک اہل قبلہ کافر نہیں ہے

شرح مقاصد } قال الشافعی لا ارد شہادت اھل الاھواء الا
کی عبادت } الخطابیہ عن ابی حنیفہ انہ لا یکفر احد امن
اھل القبلۃ عن فخر الدین رازی ۔ انہ لا یکفر احد من اھل القبلۃ

ترجمہ : امام شافعی فرماتے ہیں کہ سوائے خطابیہ کے اہل بدعت میں سے میں کسی کی شہادت رد نہیں کرتا - ابو حنیفہ کہتا ہے کہ میں اہل قبلہ کو کافر قرار نہیں دیتا۔ امام رازی بھی فرماتے ہیں کہ اہل قبلہ کافر نہیں ۔

اہل سنت احباب کو دعوت انصاف

ارباب انصاف ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے حضرت معاویہ اور حضرت عائشہ نے امام حق خلیفہ رسول امیر المومنین کے خلاف بغاوت کی ہے اور دونوں نے حضرت علی سے جنگ کی ہے اور معاویہ نے حضرت علی کو گالیاں دی ہیں جمعہ کے خطبوں میں آنجناب پر معاذ اللہ لعنت کی ہے اور عائشہ نے عثمان کو کافر کہا ہے لہذا اگر یہ قاعدہ صحیح ہے کہ صحابہ کو گالیاں دینے والا کافر ہے تو معاویہ اور عائشہ کا اسلام خطرہ میں ہے اور اگر یہ دونوں مسلمان ہیں تو پھر شیعہ بدرجہ اولیٰ مسلمان ہیں تو پھر شیعہ بدرجہ اولیٰ مسلمان ہیں یہ کہاں کا انصاف ہے کہ معاویہ اور عائشہ جس گناہ کو کریں وہ مسلمان رہیں اگر وہی گناہ کو شیعہ کریں تو وہ کافر ہیں خلاصہ صحابہ کو گالیاں دینا کفر ہے اس حکم کے لئے اہل سنت کے پاس کوئی دلیل قرآن اور سنت سے نہیں ہے ۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اہل سنت کے اجماع والی ہتھکنڈ بازی رازی کے نزدیک باطل ہے

شرح مقاصد قال الرازی ان خرق الاجماع لیس بکفر
کی عبارت } وان الاجماع لا ینعقد بدون اتفاق الروافض
وامثالهم - وان صاحب التأویل وان کان ظاهرا لبطلان لیس بکافر

ترجمہ :

امام اہل سنت فخر رازی فرماتے ہیں کہ اہل سنت کے اجماع کی مخالفت کفر نہیں ہے اور روافض کے اتفاق کے بغیر سنیوں کا اجماع صحیح بھی نہیں ہے اور اگر کوئی اپنی غلطی میں تاویل پر ہو کافر نہیں ہے۔

اہل سنت کو چیلنج کہ اپنے چار اماموں میں سے کسی ایک امام کا فتوی بصحت سند دکھائیں کہ روافض کافر ہیں

ارباب انصاف آج کل جب ہماری اہل سنت دوستوں سے بحث ہوتی ہے تو وہ فرماتے ہیں کہ ہم تو وہ بات مانیں گے جو ہماری صحاح ستہ میں لکھی ہے یا ہمارے چار اماموں نے فرمایا ہے۔ ہم ان احباب کو دیانت و انصاف کا واسطہ دے کر پوچھتے ہیں کہ کیا صحاح ستہ میں کوئی حدیث ہے جس میں لکھا ہے کہ رافضی کافر ہیں یا سب صحابہ کفر ہے کیا تمہارے چار اماموں میں سے کسی نے فرمایا ہے کہ روافض کافر ہیں اگر ثبوت ہے تو پیش کریں اگر ثبوت نہیں ہے تو بلا دلیل کسی مسلمان کو کافر کہنا خدمت اسلام نہیں ہے بلکہ بے شرمی اور بے حیائی ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دوسرا سبب کفر روافض کا بقول اہل سنت آیات قرآنی میں کمی کا عقیدہ

ارباب انصاف ہمارے اہل سنت بھائیوں نے شیعان حیدر کرام پر ایک یہ جھوٹا الزام بھی لگایا ہوا ہے کہ شیعان علی قرآن پاک کی آیات میں کمی کا عقیدہ رکھتے ہیں اور یہ عقیدہ رکھنا کفر ہے لہذا چونکہ شیعان علی کا یہ عقیدہ ہے لہذا وہ کافر ہیں اور اب ہم اس اعتراض کی چیر پھاڑ کر کے اس کو سنی دوستوں کے ہاتھ میں دیتے ہیں۔

قرآنی آیات میں کمی کا عقیدہ بی بی عائشہ بھی رکھتی تھی

پس سنی احباب کے کفر والا فتوی بی بی صاحبہ پر بھی فٹ آگیا

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر در منثور ص ۵۸۰ ج ۵ سورہ احزاب

عن عائشہ قالت کانت سورۃ الاحزاب تقرأ فی زمان رسول اللہ مائتی آیۃ فلما کتب عثمان المصاحف لم یقدر منھا الا ما ھو الآن

ترجمہ : حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ سورہ احزاب نبی کریم کے زمانہ دو سو آیات پڑھی جاتی تھیں جب عثمان نے مصحف لکھوائے تو اس کو اس سورہ سے اتنی ہی آیات ملیں جو اب ہیں۔

نوٹ : بقول بی بی عائشہ سورہ احزاب کی کل دو سو آیات تھیں آجکل موجودہ قرآن میں اس سورہ کی کل ۷۳ آیات ہیں پس بقول بی بی عائشہ ایک سو ستائیس آیات کی کمی ہو گئی ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سورہ احزاب میں عائشہ ایک سو ستائیس آیات کی کمی کا عقیدہ رکھتی تھی

ارباب انصاف ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے در منثور کتاب اہل سنت نے گواہی دی ہے کہ حضرت عائشہ قرآن پاک میں کمی کا عقیدہ رکھتی تھی اور ایک دو آیات کی بات نہیں ہے بلکہ بچارے سنی ملاں سیوطی نے ایک سو ستائیس آیات کی بات کا رونا رویا ہے یہ کہاں کا انصاف ہے کہ اگر حضرت عائشہ قرآن میں کمی کا عقیدہ رکھے تو اس کے اسلام کا کچھ نہیں بگڑتا اور اگر اور کوئی یہ عقیدہ رکھے تو وہ کافر ہو جاتا ہے۔

شیعان علی قرآن پاک میں کمی کا عقیدہ نہیں رکھتے تمام عالم اسلام تمود یانت اور انصاف کی رو سے دعوت فکر

ارباب انصاف ایک بار نہیں کئی بار اس بات کی وضاحت کر چکے ہیں کہ شیعان علی قرآن پاک میں کمی اور زیادتی کا عقیدت نہیں رکھتے البتہ کچھ تحریف کی روایات سنی مذہب کی کتابوں میں موجود ہیں اگر ان پر دونوں مذہب شیعہ اور سنی بھروسہ کریں تو پھر حضرت عائشہ کا اسلام خطرہ میں ہے اگر اہل سنت دوستوں میں جرأت ہے تو کسی عدالت میں ہمیں چیلنج کریں مسئلہ تحریف پر وہ ہمارا کفر ثابت کریں اور ہم حضرت عائشہ، حضرت عمر اور عبداللہ بن عمر کا کفر ثابت کریں گے۔ کیونکہ یہ تینوں قرآن کی کمی کا عقیدت رکھتے تھے۔ مسئلہ تحریف قرآن پر عنقریب ہم ایک مفصل رسالہ شائع کریں گے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سنی احباب کو مزید دعوت فکر سنی عقیدہ میں اسلام کی بناء ۵ چیزوں پر ہے اور شیعہ ان ۵ کا اقرار کرتے ہیں

اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری ص۴

کتاب الایمان باب دعائکم ایمانکم عن ابن عمر۔ قال رسول اللہ بُنی الاسلام علی خمس شہادت ان لا الہ الا اللہ و ان محمد رسول اللہ و اقام الصلوٰۃ و ایتاء الزکوٰۃ و الحج و صوم رمضان

ترجمہ :

نبی کریم نے فرمایا کہ اسلام کی بنا پانچ چیزوں پر ہے۔

(۱) اللہ تعالیٰ کی توحید کا اقرار (۲) حضرت محمد مصطفیٰ کی رسالت کا اقرار (۳) نماز کا قائم کرنا (۴) حج بیت اللہ کا بجا لانا (۵) اور رمضان کا روزہ

نوٹ :

ارباب انصاف ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے امریکہ اور سعودیہ کی امداد قبر میں کام نہیں آئے گی سنی بھائیوں نے اسلام کا دارو مدار جن چیزوں پر رکھا ہوا ہے وہ ۵ ہیں اور شیعان علی ان کا اقرار کرتے ان پر عقیدہ اور ایمان رکھتے ہیں اور ان پر عمل کرتے ہیں

کتاب صحیح بخاری کی کتاب الایمان گواہ ہے کہ آدمی کے اسلام میں صحابہ کرام کا کوئی عمل دخل نہیں۔ البتہ صحیح مسلم میں لکھا ہے کہ علیؑ بن ابی طالب کی محبت علامت ایمان ہے۔ ہم اپنے سنی بھائیوں کو چیلنج کرتے ہیں کہ ہمارے ساتھ قرآن و حدیث کی روشنی میں بات کریں اور ثبوت پیش کریں کہ علیؑ سے محبت کرنے والے کس طرح کافر ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تیسرا سبب تکفیر رافض کا سنی مولانا صاحبان کے فتاوی ہیں

ارباب انصاف سنی مذہب میں فتوٰی تو ایک ناجائز چیز ہے اور اس کا مبنی علم فقہ بھی ایک بدعت ہے اور کہ بدعت کے خلاف سنی اہل حدیث بھائی مسلسل احتجاج کر رہے ہیں اور اہل سنت مولانا صاحبان کو برادرانہ مشورہ ہے کہ وہ اپنے سنی بھائیوں کی کتاب حقیقۃ الفقہ مصنفہ حافظ محمد یوسف جے پوری کو پڑھیں اور شرم سے ڈوب مریں۔ مذکورہ کتاب میں حافظ صاحب نے کتاب اہل سنت احیاء العلوم للغزالی صد ۲۱۳ طبع نولکشور سے نقل فرماتے ہیں۔ امام غزالی فرماتے ہیں

تبجیع حقائق الفقہ بدعۃ۔ کہ فقہ ابو حنیفہ کی تمام باریکیاں بدعت ہیں۔ نیز عبارت معاف فقہ اہل سنت میں یہ ایک بہت بڑا گھپلا ہے کہ فقہ تو امام ابو حنیفہ کی طرف منسوب ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ اس فقہ کے فتاوی ابو حنیفہ نے بنائے ہیں مگر جب کتابوں کو پڑھا جائے تو اغیر وغیرہ سب فرمان لکھے ہیں۔ پس ہم شیعان علی بن ابی طالب اہل سنت بھائیوں کو چیلنج کرتے ہیں اگر امام اعظم صاحب نے تکفیر روافض کا فتوٰی دیا ہے تو اس کا ثبوت پیش کریں۔ اگر ثبوت نہیں ہے تو پھر فقہ حنیفہ میں تکفیر روافض بھی نہیں ہے اور جن لوگوں نے شیعان علی کو معاذ اللہ کفار لکھا ہے وہ ایسے بزرگ ہیں کہ جن کی نہ ماں کا اور نہ ہی باپ کا پتہ ہے اور اگر اس قماش لوگوں کے فتوٰی کو لینا ہے تو پھر اس پاکستان میں کوئی بھی مسلم نہیں ہے اب میں چند فتاوی پیش کر کے آپ کو دعوت انصاف دیتا ہوں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اگر مولانا صاحبان کے فتووں سے کوئی مسلمان کافر بنتا ہے تو سرفہرست بریلوی مسلمان ہیں۔ عرب امارات کے علماء نے ان کے کفر کا فتوی دیا ہے

نوٹ: عرب امارات کا اخبار الاتحاد ہر جمعہ کو ایک میگزین شائع کرتا ہے ۲۶ رجب ۱۴۰۴ھ الموافق ۲۷ اپریل ۱۹۸۴ء کے اخبار الاتحاد کا میگزین الھدی نامی کی سرخی ملاحظہ ہو۔

البریلویۃ طائفۃ خارجۃ عن الدین
واتباعھا یعملون فی مساجد الدولۃ

ترجمہ: بریلویت وہ فرقہ ہے جو دین سے (اسلام) سے خارج ہے اور اس کے پیروکار دولت اور حکومت کی مساجد میں کام کرتے ہیں۔

نوٹ: سکھنی وڈیائے۔ تینوں کھتے پائیے

ارباب انصاف یہ حال تو اس بریلوی فرقہ کا ہے جو گردن مبارک کو پایہ لگا کر چلتے ہیں اور فخر سے کہتے ہیں کہ ہم عاشقان رسول ہیں۔ ان کے عشق کا بھوسہ دیوبندی، سنیوں نے اس طرح نکالا ہے کہ ان کے کفر کے فتوے اخبارات میں شائع کر کے قیامت تک ان کے دین سے خارج ہونے پر مہر لگا دی ہے اور ان کا حوث پاک بھی اگر آجائے تو اب ان کو مسلمان ہونے کی سند نہیں دے سکتا۔ دیوبندی سنیوں نے اس میگزین کی عربی عبارات کے ترجمہ کر کے جو تقسیم کئے تھے وہ اب پیش کر کے ہم اہل اسلام کو دیانت اور انصاف کا واسطہ دے کر دعوت فکر دیتے ہیں۔

مذہب بریلوی بلے بلے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بریلوی کی تکفیر کے بارے میں دیوبندی سینیوں کا پہلا فوٹوسٹیٹ

۲۱ رجب ۱۴۰۴ھ الموافق ۲۷ / اپریل ۱۹۸۴ء / الھدی کاتب شیخ مہدی نصر
فرقہ بریلی اسلام سے خارج ہے "قادیانی، نصرانی کی طرح فرقہ بریلیہ بھی اسلام سے خارج ہے۔ علماء دین نے اس گروہ کو صحیح عقیدے سے منحرف ہونے کا فتویٰ دیا ہے۔ اس کے اسباب درج ذیل ہیں۔

رسول اللہ بشر نہیں بلکہ نور جیسا کہ احمد رضا خان نے نورالعرفان میں لکھا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو رب کہنا جائز ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کائنات میں جس طرح چاہیں تصرف کر سکتے ہیں۔ جیسا کہ نور محمد قادری نے لکھا ہے۔ غیر حنفی کے اماموں اور عالموں کو کافر سمجھتے ہیں اور ان کے پیچھے نماز جائز نہیں سمجھتے بجماعت جمعیت کی نے کراچی میں ۱۹۷۶ء میں فتویٰ دیا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ما کان و ما یکون کا علم تھا۔ آپ تمام کائنات میں حاضر ہیں۔ تمام چیزیں دیکھتے ہیں۔ جیسا کہ احمد رضا خان اور احمد یار خان اور امجد علی نے لکھا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر میں زندہ ہیں، کھاتے ہیں، پیتے ہیں، بیویوں سے ملتے ہیں۔ قبروں پر گھر اور مسجد بنانا جائز سمجھتے ہیں اسے اعمال صالح شمار کرتے ہیں۔ جیسا کہ نعیم الدین مراد آبادی نے لکھا ہے، تعجب تو اس بات پر ہے کہ اس فرقہ کے بہت لوگ ابوظہبی کی مساجد میں امام اور موذن بنے ہوئے ہیں۔ جمعہ ۳ شعبان ۱۴۰۴ھ موافق ۴ / مئی ۱۹۸۴ء / الھدی کاتب شیخ عبدالجبار ماجد، حفظہ الرحمٰن، محمد امین دبئی اوقاف کی طرف سے بریلیوں کی تحقیق کے لئے ایک کمیٹی کی تشکیل بریلویوں کے باطل عقائد کی بنا پر دوبئی اوقاف کے مدیر شیخ عبدالجبار ماجد حفظہ اللہ نے آٹھ عالموں پر مشتمل ایک

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کمیٹی بنائی ہے تاکہ دبئی مساجد کے اماموں اور موذنوں کی تحقیق کی جا سکے۔ شیخ نے کہا ہے کہ ہم اس باطل فرقہ کو برداشت نہیں کر سکتے۔ تحقیق سے کئی اماموں اور موذنوں کے بریلی ہونے کی اطلاع ملی ہے۔

منجانب: مکتبۃ الکتاب والسنۃ طلب طالعہ

بریلویوں کے کافر ہونے کی بابت دیوبندیوں کا دوسرا فوٹو سٹیٹ

"عراقی اخبار الھدیٰ کا بیان" نئی بدعت بریلوی فرقہ

بریلوی فرقہ انگریزوں کے ایجنٹ اور دین اسلام سے خارج، ان کا عقیدہ ہے کہ حرمین کے اماموں کی اقتداء میں نماز جائز نہیں ہے الھدیٰ کو اپنے پڑھنے والوں کی طرف سے بہت خطوط موصول ہوئے ہیں۔ اس نئے فرقہ کے بارے میں سوالات ہوتے ہیں جو کہ اسلام سے خارج ہے اس کا نام "بریلوی فرقہ" ہے ملک میں اپنی کاروائیاں غیر عرب لوگوں کے ذریعہ شروع کی ہیں، جو کہ مساجد میں کام کرتے ہیں مسلمان علماء نے اس فرقہ کے بارے میں فتویٰ دیا ہے کہ یہ لوگ اسلامی عقیدہ سے انحراف کرتے ہیں کیونکہ ان کے اعتقادات شریعت اسلامی کے خلاف ہیں اور یہ غلط اعتقادات نبی اکرم کے بارے میں ہیں کہ یہ گروہ ان فرقوں میں سے ایک ہے جو دین اسلام سے خارج ہے اس کا سرچشمہ ہندوستان نہیں ہے۔ اس کا نام بریلویت ہے اور یہ نسبت اس فرقے کے بانی "احمد رضا" کی طرف ہے جو کہ ہندوستان میں پیدا ہوئے اور سنہ ۱۹۲۱ء میں ۵۶ سال کی عمر میں وفات پا گئے۔ اس دور میں ہندوستان میں برطانوی استعمار کی حکومت تھی۔ اس وقت کی حکومت دین اسلام سے خارج اس طرح فرقوں کو پیدا کرتی تھی۔ تاکہ کبریٹے کی طرح امت اسلامیہ کو کی جائے برطانوی حکومت اس قسم کے فرقوں کی ہر طرح سے مدد کرتی تھی تاکہ وہ اپنے عقائد کو پھیلا سکیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سپاہ صحابہ کا فتویٰ کہ اہل حدیث سنی کافر ہیں

اہل سنت کی معتبر کتاب البریلویت ص ۱۴۵ احسان الٰہی ظہیر۔

وان اهل الحدیث كلهم كفرة مرتدون ویقول الفقهاء كفرة مرتدون

ترجمہ: بچارا احسان الٰہی ظہیر اس فتوے کا رونا روتا ہوا قبر میں پہنچ گیا کہ سنیوں کے فقہاء نے یہ فتویٰ دیا ہے کہ اہل حدیث سنی کافر اور مرتد اور گمراہ ہیں۔

نوٹ: ارباب انصاف چشم ما روشن ودل ما شاد۔ اہل حدیث کے اسلام پر بھی روافض کی طرح ... کا جھرلو پھر گیا اور ان کے اسلام والا غرور بھی ختم شد

سپاہ صحابہ کا فتویٰ کہ دیوبندی، سنی کافر ہیں

اہل سنت کی معتبر کتاب البریلویت ص ۱۹۲ احسان الٰہی ظہیر

ان الدیوبندیین یدعون الاسلام فهم كفرة مرتدون لتمام بحکم الشریعة المطهرة

ترجمہ: کہ دیوبندی سنی کافر ہیں مرتد اور کمینے ہیں۔ بحکم شریعت اگرچہ دعویٰ اسلام کرتے ہیں۔

سپاہ صحابہ نے ثلاثہ کے اسلام پر جھرلوں پھیر دیا ہے

ارباب انصاف۔ سنی بریلوی، سنی دیوبندی، سنی اہل حدیث ان تینوں کے اسلام پر سپاہ صحابہ نے رولر تکفیر پھیر دیا ہے۔ آپ خود انصاف کریں۔

ع۔ سکھیئے وڈیاییئے تینو کتھے پاییئے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سپاہ صحابہ نے وہابی سنی کے اسلام پر تکفیر کا بلڈوزر چلا دیا

اہل سنت کی معتبر کتاب تجانب اہل سنت صہ ۲۵۳

جواب سوال ۱۵۱ وہابیہ، دیوبندیا۔ قادیانیہ، خاکساریہ، چکڑالویہ احراریہ۔ نجدیہ اپنے عقائد کفریہ کی بنا پر بحکم شریعت یقیناً اسلام سے سے خارج اور کفار مرتدین ہیں۔

ارباب انصاف کسی مذہب کو اہل اسلام کہہ کر خطاب کرتے ہوئے شرم آتی ہے

سنی بھائیو یہ بیچارے آپ کے علماء جو باچھیں پھیلا کر کے کہتے ہیں ہیں کہ ہم مسلمان ہیں۔ ذرا ان سے پوچھو کہ تم کونسے مسلمان ہو اگر وہ فرمادیں کہ ہم بریلوی مسلمان ہیں تو ان کے کفر کا فتویٰ موجود ہے اگر کہیں کہ ہم دیوبندی۔ نجدی، وہابی مسلمان ہیں ان کے کفر کا فتویٰ بھی موجود ہے اور اگر فرمادیں گے ہم اہل حدیث مسلمان ہیں تو ان کے کفر کا فتویٰ بھی موجود ہے۔ ع سچ آکھیاں مرچاں لگدیاں نے

اب تم سب سنی مل کر پاکستان کا نام کفرستان رکھ لو ع سچ بات لگدا اوئن

اے بھٹ تلوار تے سکھنی وڈیا سیٹے تینوں کھتے کھتے پائیے

حدود انصاف میں رہ کر بندہ نے اپنے مذہب پر لگائے گئے الزامات کا جواب دیدیا ہے اور

ان عادت العقرب عدنا وکانت النعل لها حاضرہ

یہ رسالہ ۱۹ جنوری ۱۹۹۱ء کو اختتام پذیر ہوا ہے

خادم مذہب حقہ غلام حسین نجفی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas